# MODEL Questions with answers

## For Matriculation Examination- 2017

## Subject : Arabic

Time: 3 hours 15 Minutes Arabic (OPT) Set-I Fullmarks: 100

### سوالات

سبھی سوالات لازمی ہیں۔

ہر سوال کے سامنے اس کے نمبرات درج ہیں

جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں جواب صاف صاف تحریر کیجئے۔

سوال-١ مندرجہ ذیل سوالوں کا صحیح جواب نشان زد کیجئے۔ 5x2=10

١- مومن آپس میں کیا ہیں؟

(a) بھائی بھائی (b) دوست دوست (c) پڑوسی پڑوسی (d) عزیز عزیز

٢- جنت کے نیچے کیا چیز بہتی ہے؟

(a) دریا (b) تالاب (c) نہر (d) سمندر

٣- قاضی محب اللہ کہاں پیدا ہوئے؟

(a) گجرات (b) یوپی (c) بنگال (d) بہار

٤- آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تجارت کے لیے کہاں گئے تھے؟

(a) مصر (b) یوپی (c) لبنان (d) حجاز

٥- کسان کے پاس کیا تھا؟

(a) بیل اور گدھا (b) بیل اور گھوڑا (c) گائے اور گدھا (d) گدھا اور اونٹ

سوال-۲ مندرجہ ذیل دونوں جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 2 1/2 =5

(i)ان دمائکم و اموالکم حرام علیکم

(ii)انظر الی السماء تجدها قبة زرقاء

سوال-۳ مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیے۔ 10

حديقة ، حقيبة، الشارع، فطور، الانبج،

قشرة، رائحة، عام، العبد، اسمعوا

سوال-۴ اپنی یاد سے عربی کا کوئی شعر لکھیے۔ 10

یا

(ii)مندرجہ ذیل شعر کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔

غدلة اقاهم يمشى اليهم

رسول الله كاالقمر المنير

سوال-۵ مندرجہ ذیل عربی جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 1 1/4 =5

(i)ای شیء یضیء السماء نهارًا

(ii)أتتفكر فی خلق السموٰت و الارض

(iii)ليس لعربی علی عجمی فضل الا بالتقوی

(v)علی أی شی حث النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم امته

سوال-۶ مندرجہ ذیل اردو جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے۔ 1 1/4 x4 =5

(i)خدیجہ بنت خویلد ایک تاجر عورت تھیں!

(ii)خدیجہ بنت خویلد نے آپ کو شادی کا پیغام دیا

(iii) قاضی محب اللہ نے شیخ قطب الدین سے بعض درسی کتابیں پڑھیں

(iv)بادشاہ نے ان کو شہر لکھنو کا قاضی مقرر کیا۔

سوال-۷ مندرجہ ذیل الفاظ سے خالی جگہوں کو پر کیجئے۔ 1 1/4 x4 =5

(i)رحل الشيخ......معسكر السلطان

(ii)ولى الشاه عالم.......بلاد كابل

(iii)قام الشاه بالملك......والده

(iv)من منصنفاته سلم العلوم.....المنطق

(فى بعد على الىٰ)

سوال-۸ مندرجہ ذیل اقتباس کا سلیس اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 15

انظر الى السماء تجد فيها سحابا كثيرا، وقد ازداد شيئا فشيئا حتى صار اسود، وحجب الشمس عنا، هذا صوت الرعد والبرق يلمع فى السماء وينور الارض، ولا بد أن يأتى بعده المطر حالا.

خرج رسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم فى غزوة ورجع عنها فى الظهيرة وكانت ايام الصيف، فاراد رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أن يستريح وليس فى البرية مكان يستريح فى الانسان الاالشجر، وليس فى البرية فى بلاد العرب شجر كثير وليس فيها الاالسمر.

سوال-۹ معرفہ کی تعریف کیجئے اور قسمیں لکھئے 10

سوال-۱۰ حضرت خدیجہؓ سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔ 10

سوال-۱۱ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر عربی میں پانچ جملے لکھیے۔ 10

الانبج العلم السماء

# جوابات۔ سیٹ-۱

(A)(۵) B(۳) (C)(۲) (A)(۱)

جواب-۲

(i) بیشک تمہارا خوان اور تمہارے مال ودولت تم لوگوں پر حرام ہیں۔

(ii) آسمان کی طرف دیکھو تو اس کو ایک زرد گنبد کی طرح پاؤ گے۔

جواب-۳

باغ بیگ روڈ ناشتہ آم چھکا

خوشبو سال بندہ تم لوگ سنو

جواب-۴

صبح صبح ان لوگوں کے پاس۔ روشن چاند کی مانند اللہ کے رسول ؐ چل کر آ گئے۔

جواب-۵

۱۔ کون سی چیز دن کے وقت آسمان کو روشن کرتی ہے۔

۲۔ کیا تم آسمانوں اور زمین کی تخلیق کے بارے میں سوچتے ہو۔

۳۔ کسی عربی کو کسی عجمی پر سوائے تقوی کے کوئی اور فضیلت نہیں ہے۔

۴۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو کس چیز پر آمادہ کیا، ابھارا

جواب-۶

۱۔ كانت خديجة بنت خويلد تاجرة

۲. عرضت خديجة بنت خويلد نفسها على محمد بن عبد الله

۳. قراء القاضى محب الله بعض الكتب الدرسية على الشيخ قطب الدين

۴. ولاه الملک القضاء بمدينة لكنائو

جواب-۷

۱. رجل الشيخ الى معسكر السلطان

۲. ولى الشاه عالم الى بلاد كابل

۳. قام الشاه بالملک بعد والده

۴. من مصنفاته سلم العلوم فى المنطق

جواب-۸

آسمان کی طرف دیکھو اس میں بہت زیادہ بادل پاؤں گے جو آہستہ آہستہ بڑھتا رہا یہاں تک کہ کالا ہو گیا اور اس کی وجہ سے سورج چھپ گیا۔ یہ گرجنے کی آواز ہے اور آسمان میں بجلی چمک رہی ہے اور زمین منور اور روشن ہو جا رہی ہے۔ یقینی طور پر اس کے بعد فوراً بارش آئیگی۔

یا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک غزوہ میں نکلے اور اس سے دوپہر کے وقت لوٹے۔ گرمی کا زمانہ تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آرام کرنا چاہا۔ اور صحرا میں کوئی ایسی جگہ نہیں ہوتی جس میں انسان آرام کرے سوائے درخت کے اور عرب کے صحرا میں بہت زیادہ سوائے ببول کے درخت نہیں ہوتے ہیں۔

جواب-۹

معرفہ وہ اسم ہے جو کسی خاص چیز کو بتائے اس کی چھ قسمیں ہیں۔

(۱) علم جیسے زید، پٹنہ وغیرہ

(۲) ضمیر جیسے انا، انت، هو وغیرہ

(۳) اسماء اشارہ جیسے هذا ذلک وغیرہ

(۴) اسمائے موصولہ جیسے الرجل التی وغیرہ

(۵) معرف باللام جیسے الرجل، السماء

(۶) وہ اسم جو ان پانچوں میں سے کسی ایک کی طرف مضاف ہو جیسے كتاب الرجل، غلام زيد وغیرہ۔

جواب-۱۰

خدیجہ بنت خویلد عرب کی مالدار اور شریف خاندان کی ایک مشہور تاجرہ تھیں۔ عرب کے لوگ ان کا مال لیکر تجارت کے لیے ادھر ادھر جایا کرتے تھے۔ حضرت اقدسؐ نے بھی ان کا مال تجارت لیکر شام کا سفر کیا خدیجہ بنت خویلد نے جب آنحضرت کو تجارت میں نہایت امانت دار پایا اور صدق گوئی کے اوصاف حمیدہ سے باخبر ہوئی تو انہوں نے آپؐ سے اپنے نکاح کا پیغام بھیجا۔

یا

نکاح کے پیغام کو آنحضرتؐ نے اپنے چچا کے سامنے پیش کیا اس وقت آپؐ کی عمر پچیس سال تھی اور حضرت خدیجہ چالیس سال کی تھیں۔ آپؐ کے چچا نکاح کا پیغام لیکر خدیجہ کے پاس گئے اور آپؐ سے اس کا نکاح پڑھا دیا۔ آپ کی ساری اولاد خدیجہؓ کے بطن سے ہی ہیں اور آپؐ کی حیات طیبہ میں ہی آپ کا انتقال بھی ہو گیا اور مکہ کے قبرستان میں مدفون ہوئیں۔

جواب-١١

ان الانبـج فـاكهة شيـرـة مـن الـفـواكهة الهـندية. انها تكون مختلفة فى اللون و الحجم و اللذة، اشجارها تعيش مائة سنة تقريبا.

كثير من الناس يحبونها حبا شديدا لكثرة اللذة ورائحتها النائقة.

انها تباع فى اكثر سوق من الاسواق الهندية بل بلد من بلدات العالم.

☆☆☆

# MODEL Questions with answers

## For Matriculation Examination- 2017

## Subject : Arabic

Time: 3 hours 15 Minutes　　Arabic (OPT) Set-2　　Fullmarks: 100

### سوالات

سوال-۱　مندرجہ ذیل سوال کا صحیح جواب نشان زد کیجئے۔　5x2=10

۱- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بعد کیا چیز چھوڑی؟

(a) کتاب اللہ　(b) ثروت　(c) شہرت　(d) حکومت

۲- حضرت خدیجہ کیا تھیں؟

(a) ڈاکٹر　(b) ٹیچر　(c) تاجر　(d) افسر

۳- آپ کی شادی کا پیغام لیکر خدیجہؓ کے پاس آپؐ کے کون سے چچا گئے تھے؟

(a) عباس　(b) حمزہ　(c) ابوجہل　(d) ابوطالب

۴- قاضی محب اللہ کس شہزادے کے استاد تھے؟

(a) شہزادہ دانیال　(b) بہادر شاہ ظفر　(c) شاہ عالم　(d) عارف جنگ

۵- آم کے درخت کی عمر عام طور پر کتنے سال ہوتی ہے؟

(a) ۲۵ سال　(b) ۵۰ سال　(c) ۷۵ سال　(d) ۱۰۰ سال

سوال-۲　مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔　10

كانت خديجة بنت خويلد امرأة تاجرة ذات شرف ومال، تستاجر الرجال علىٰ مالها مضاربة.

سوال-۳　مندرجہ ذیل الفاظ کا معنی لکھئے۔　10

رغيف غلمان لسان الحيوانات　المساء　عاقبة　نهار　الرعد　البرق　الظل　يلمع

سوال-۴ مندرجہ ذیل عربی شعر کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 10

۱- الفخر بالعلم لا بالجاه والمال
والمجد بالجد لا بالجَدّ والخال

یا

۲- اپنی یاد سے عربی کا کوئی شعر لکھئے۔

سوال-۵ مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 1 1/2 x4 =5

(i) الهنديه بلاد جمهورية كبيرة
(ii) قادها الزعماء البارزون وعلى رأسهم المهاتما غاندى
(iii) قص الغلام على سيده امرا لكلب
(iv) سافر الشيخ الى بلاد كابل

سوال-۶ مندرجہ ذیل اردو جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے۔ 1 1/2 x4 =5

(i) احمد اپنے درست کے ساتھ روڈ پر دوڑ رہا ہے۔
(ii) محمود ہوٹل میں کھانا کھا رہا ہے۔
(iii) وہ لوگ کہانی کہہ رہے تھے۔
(iv) میں امتحان میں انشاءاللہ کامیاب ہو جاؤں گا۔

سوال-۷ مندرجہ ذیل الفاظ سے خالی جگہوں کو پر کیجئے۔ 1 1/2 x4 =5

(i) ماذا قال..........عن النبى صلى الله عليه وسلم
(ii) من كان........... فى سفره
(iii) أى شيء........... على الناس
(iv) انهم كانو...........فى المطعم

معه يأكلون حرام الراهب

سوال-۸ مندرجہ ذیل اقتباس کا سلیس اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 15

نزل رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم فى ظل شجرة قريبا من صومعة راهب، فاطلع الراهب الىٰ ميسرة فقال: من هذا الرجل الذى تحت الشجرة؟ فقال ميسرة هذا رجل من قريش من اهل الحرم، فقال له الراهب ما نزل هذه الشجرة الا نبى

یا

واشجاريا تعيش نحو مائة سنة، وثمارها ذات فوائد حمة تمنع امراضا كثيرة، تقوى الجسم وتنقى الدم، وقد كثرت زراعتها الآن بالبلدان الكثيرة من العالم، وهى تنموا فى الاراضى الرميلة أو الصفراء.

سوال-۹ حروف ناصبہ اور جازہ کتنے ہیں لکھیے اور انہیں شمار کرائیے۔ 10

سوال-۱۰ آنحضرتؐ کی حیات طیبہ سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے 10

سوال-۱۱ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر عربی میں مختصر نوٹ لکھیے 10

i–القاضى محب اللّٰه ii –خديجة الكبرىٰ iii–العلم

☆☆☆

# جوابات ۔سیٹ-۲

A(۱)　C(۲)　B(۳)　C(۴)　D(۵)

جواب-۲

خدیجہ بنت خویلد ایک باعزت، مالدار اور تاجر خاتون تھیں،
وہ مردوں کو پاٹنر شپ پر اپنا مال تجارت کے لیے دیا کرتی تھیں۔

جواب-۳

روٹی، بچے، جانوروں کی زبان، شام،
انجام، دن، کڑک، بجلی، سایہ، چمکتا ہے

جواب-۴

فخر علم سے ہے نہ کہ مال و مرتبہ سے
اور مجد و شرافت کوشش و کاوش سے ہے نہ کہ دادا اور ماموں یعنی خاندان سے۔

جواب-۵

(i) ہندوستان ایک بڑا جمہوری ملک ہے۔
(ii) جس کی قیادت بڑے لیڈروں نے کی جن کے سربراہ مہاتما گاندھی تھے۔
(iii) غلام نے اپنے سردار سے کتے کا معاملہ (قصہ) بیان کیا
(iv) شیخ نے ملک کابل کی طرف سفر کیا

جواب-۶

(i) كان أحمد يجرى على الشارع مع رفيقه
(ii) كان يطعم محمو دفى المطعم
(iii) انهم كانوا يقصون قصة
(iv) انا انجح انشاء الله فى الامتحان

جواب-۷

(i) الراهب　(ii) معه　(iii) حرام　(iv) يأكلون

جواب-۸

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک راہب (پادری) کے گرجے سے قریب درخت کے سایہ میں اترے تو راہب نے میسرہ کے پاس آیا اور کہا کہ یہ کون شخص ہے جو درخت کے نیچے ہے کہ یہ قبیلہ قریش کے محترم شخص ہیں، تو راہب نے اس سے کہا کہ اس درخت کے پاس صرف نبی ہی اترے ہیں۔

یا

اور اس کا (آم) درخت تقریبا سو سال (ہرا بھرا) زندہ رہتا ہے۔ اس کا پھل بڑے فائدے کا ہے۔ بہت ساری بیماریوں کو روکتا ہے۔ جسم کو تقویت (طاقت) بخشتا ہے اور خون کو صاف کرتا ہے۔ اس وقت دنیا کے بہت سارے ملکوں میں اس کی زراعت ہوتی ہے۔ یہ پتھریلی اور زرد (مٹی (زمین میں پنپتا ہے۔

جواب-۹

حرف ناصبہ چار ہیں (۱) أن (۲) لن (۳) کی (۴) اذن

یہ فعل مضارع پر داخل ہوتے ہیں جیسے: أن یضرب، لن یَنْصُرَ وغیرہ

حروف جازہ پانچ ہیں۔ (۱) لم (۲) لما (۳) لام امر (۴) لاء نہی (۵) ان شرطیہ

جیسے: لم یلد ولم یولد لا تنهر وغیرہ

جواب-۱۰

آنحضرتؐ عرب کے مشہور قبیلہ قریش جو مکہ میں آباد تھا واقعہ فیل کے سال ۱۲ ربیع الاول کو سیدہ آمنہؓ کے بطن سے پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا نام عبد اللہ تھا شکم مادر میں ہی تھے کہ والد کا انتقال ہو گیا۔ دادا عبد المطلب نے پرورش کی چھ سال کی عمر میں ان کا بھی انتقال ہو گیا۔ ان کے بعد چچا ابو طالب نے ان کی پرورش کرنے لگے۔ جب سن شعور کو پہنچے تو کر ملک شام حدیجہ بنت خویلد کا مال تجارت لیکر اپنے چچا کے ساتھ جانے لگے۔ آپ کی ایمانداری اور سچائی کو دیکھ کر خدیجہ نے ان سے اپنی شادی کا پیغام بھیجا اور آپؐ پچس سال کے تھے تو حضرت خدیجہ سے آپ کی شادی ہوئی۔ سارے اولاد آپ ہی کے بطن سے ہیں۔

چالیس سال کی عمر میں آپؐ نبوت سے سرفراز ہوئے۔ ۱۳ سال تک مکہ مکرمہ میں عزیز وا قارب کے درمیان اسلام کی دعوت دیتے رہے۔ مگر سوائے چند کے اسلام قبول نہیں کیا بلکہ شدید ترین نہ صرف مخالفت بلکہ اذیت دی گئی جس کی وجہ سے آپؐ کو مدینہ منورہ ہجرت کرنی پڑی ۱۰ سال وہاں قیام کے بعد آپ راہی ملک بقا ہو گئے۔ وہاں کے دوران قیام آپ کی کوششوں سے اسلام خوب پھیلا پھولا۔

جواب-۱۱

(i) غلام محبّ اللہ بن عبدالشکور صدیقی حنفی صوبہ بہار کے قصبہ کرا میں عہد عالمگیری میں پیدا ہوئے۔ شیخ قطب الدین سہالوی اور علامہ قطب الدین شمس آبادی سے کتب درسیہ سبقا سبقا پڑھا پھر سلطان اورنگ زیب عالمگیر نے انہیں شہر لکھنؤ کا قاضی مقرر کردیا۔ لیکن پھر بعد میں اپنے بیٹے شاہ عالم کا اتالیق بنادیا۔

انہیں فن منطق، فلسفہ اور اصول فقہ میں بے پناہ قدرت حاصل تھی ان کی کتاب سلم العلوم فن منطق میں اور مسلم الثبوت اصول فقہ میں ساری دنیا میں یکتائے روزگار سمجھی جاتی ہے۔ ۱۱۱۹ء میں آپ کا انتقال ہوا۔

(ii) الشيخ العلامه القاضى محب اللّٰه البهارى قد ولد فى قرية كرا" من ارض بهار، نشادر وترعرع فى اسرته الدينية وقراء بعض الكتب على الشيخ قطب الدين الانصارى والشيخ قطب الدين الشمس آبادى ثم رحل الى معسكر السلطان عالمگير فبعد ايام انه ولاه القضاء بمدينة لكنائو ثم جعله معلما لابنه شاه عالم.

كانت له قدرة كاملة على العلوم والفنون المختلفة، من العلوم الدينية والعلمية ومن مصنفاته سلم العلوم فى المنطق ومسلم الثبوت فى اصول الدين مشهورة جدا وانه توفى سنة١١١٩ء

☆☆☆

# MODEL Questions with answers

## For MatriculationExamination- 2017

## Subject : Arabic

Time: 3 hours 15 Minutes　　Arabic (OPT) Set-3　　Fullmarks: 100

### سوالات

سوال-۱ مندرجہ ذیل سوالوں کا صحیح جواب نشان زد کیجئے۔ 5x2=10

۱- آدم کس چیز سے بنائے گئے؟

(a) گلاب (b)تراب (c)سحاب (d)انقلاب

۲- دردناک عذاب سے کیا چیز نجات دلاسکتی ہے؟

(a)دولت (b)شہرت (c)ایمان (d)محبت

۳- قاضی محب اللہ بہاری کا انتقال کب ہوا؟

(a)۱۱۱۹ء (b)۱۲۱۹ء (c)۱۳۱۹ء (d)۱۴۱۹ء

۴- آم سے جسم کو کیا فائدہ ہوتا ہے؟

(a)قد بڑھتا ہے (b)بال بڑھتا ہے (c)رنگ صاف ہوتا ہے (d)خون صاف ہوتا ہے

۵- "ماهى الدنيا" کس صحابی کی نظم ہے؟

(a)حضرت ابوبکرؓ (b)حضرت عمرؓ (c)حضرت عثمانؓ (d)حضرت علیؓ

سوال-۲ مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 5

سقط السيف من يد المشرك فاخذ رسول الله صلى الله عليه وسلم السيف فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم للمشرك من يمنعك منى؟

سوال-۳ مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھئے۔ 10

الثمر. الکلب الحنون. قریة. معسکر. الکتب الدرسیة.

المجد. الجد. مسکن. الساقی. یبسط

سوال-۴ مندرجہ ذیل شعر کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 10

(i) لا تعبدنّ انها غیر خالقکم
فان دعو کم فقولوا بیننا حد

یا

(ii) اپنی یاد سے عربی کا کوئی شعر تحریر کیجئے۔

سوال-۵ مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 1 1/4 x4 =5

انک ولد رشید تعرف فضل العلم، فلا حاجة الی المزید فی هذه الساعة و کفی بک
شوقا ما قرأت من حدیث الرسولؐ ان الملائکة لتضع اجنحتها لطاب العلم

سوال-۶ مندرجہ ذیل اردو جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے۔ 1 1/2 x4 =5

میں نے اپنے دوستوں سے کہا، تم لوگ میرے گھر میں ایک ساتھ مطالعہ کرو
ہم لوگ ایک ساتھ پڑھیں گے تو کامیاب رہیں گے، اللہ کی مدد ہمارے ساتھ ہے۔

سوال-۷ مندرجہ ذیل الفاظ سے خالی جگہوں کو پر کیجئے۔ 1 1/2 x4 =5

(i)نصر من اللّٰه و.........قریب

(ii)هذا من............ربی

(iii)اللّٰه مولٰینا و لا ............لکم

(iv)یجهتدون فی امور الحیاة لیلاو...................

(مولی۔فتح۔فضل۔نہار)

سوال-۸ مندرجہ ذیل اقتباس کا سلیس اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 15

ذهـب رجـل الى البلاد العربية ليجد هناک له شغلا، فاستجاره شيخ و فوض اليه امور ا مـختـلفة منها رعى الابل و الغنم، فكان الرجل مشتغلا بوظيفة اذ جاء ه اخوه وسأله أن يستشفع لـه عند شيخ لوظيفة فشفع له عند شيخ ووجد وظيفة لامور عائلية فكان يذهب كل يوم السوق وغلام الشيخ معه".

يا

ايهـا الناس انما المومنون اخوة، ولا يحل لامرئ مال اخيه لا عن طيب نفسه منه، الاهل بلغتُ اللهم اشهد، فلا ترجعن بعدى كفار يضرب بعضكم رقاب بعض.

سوال-۹ اَن مقدرہ (پوشیدہ) کتنی جگہوں پر آتا ہے مثال دیکر واضح کیجئے۔ 10

سوال-۱۰ قاضی محب اللہ بہاری سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔ 10

سوال-۱۱ مندرجہ ذیل میں سے کسی کے پاس عربی میں مختصر خط تحریر کیجئے۔ 10

والد گرامی بیٹے کا خط والد کے نام بھائی کے نام

☆☆☆

## جوابات۔سیٹ-۳

جواب-۱

D(۵)　D(۴)　A(۳)　C(۲)　B(۱)

جواب-۲

تلوار مشرک کے ہاتھ سے گرگئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس تلوار کو لے لیا اور آپؐ نے مشرک سے فرمایا تم کو مجھ سے کون روکے گا۔

جواب-۳

پھل　مہربان کتا۔　گاؤں۔　چھاؤنی۔　درسی کتابیں۔

شرافت۔　دادا　ٹھہرنے کی جگہ۔　پلانے والا۔　پھیلتا ہے۔

جواب-۴

تم ہرگز اپنے خالق کے علاوہ کسی اور معبود کی عبادت مت کرو اگر وہ لوگ تم کو بلائیں تو کہو کہ ہمارے درمیان دیوار حائل ہو چکی ہے۔

جواب-۵

بیشک تم نیک صالح لڑکے ہو علم کی فضیلت سے واقف ہو، اس وقت تم کو مزید کسی اور چیز کی کوئی ضرورت نہیں ہے تمہارے شوق کے لیے حدیث رسول کافی ہے جو تم نے پڑھا ہے کہ طالب علم کے لیے فرشتے اپنا پر بچھاتے ہیں۔

جواب-۶

**قلت برفقائی　تطالعو معا فی بیتی　ان نقرأ معا　فننجح نصراللّٰہ معنا**

جواب-۷

(i)فتح　(ii)فضل　(iii) مولی　(iv)نہارا

جواب-۸

ایک شخص ملک عرب گیا تاکہ وہاں اپنے لیے کوئی نوکری حاصل کرے، تو ایک شیخ نے اس کو نوکری پر رکھ لیا اور مختلف قسم کے کام اس کے سپرد کر دیئے جس میں اونٹ اور بکری چرانا تھا، تو وہ شخص اپنی ڈیوٹی کو انجام دے رہا تھا کہ اس کا بھائی اس کے پاس آیا اور سوال کیا کہ کیا اس کی ڈیوٹی کے سلسلہ میں شیخ سے اس کی سفارش کرے، تو اس نے شیخ سے اس کی سفارش کی اور اس نے گھریلو امور کی انجام دہی میں اس کو لگا دیا۔ تو وہ ہر دن شیخ کے غلام کے ساتھ بازار جاتا تھا۔

یا

اے لوگو بیشک مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ کسی شخص کے لیے اپنے کسی بھی بھائی کا مال حلال نہیں ہے جب تک کہ وہ اس کو بطیّب خاطر نہ دے۔ کیا میں نے پہونچا دیا، اے اللہ تو گواہ رہنا، تو تم میرے بعد کافر نہ بن جانا کہ تم میں سے بعض بعض کی گردن اڑائے۔

**جواب-۹**

''ان'' مقدرہ (پوشیدہ) چھ جگہوں پر آتا ہے،

(i) حتی کے بعد جیسے **سرت حتی ادخل المدینة**

(ii) لام کئی کے بعد جیسے **سرت لادخل المدینة**

(iii) لام جحد کے بعد جیسے **ما کان اللّٰہ لیعذبھم**

(iv) اس ف کے بعد جو امر کے بعد آئے جیسے **زرنی فأکرمک**

(v) اس و کے بعد جو امر کے بعد آئے جیسے **أسلم وتسلم**

(vi) اس أو کے بعد جو ای ان یا الا ان کے معنی میں ہو جیسے **لا لزمنک أو تعطینی حقی**

**جواب-۱۰**

قاضی محب اللہ بہار کے قابل فخر سپوت ہیں۔ انہوں نے اورنگ زیب عالمگیر کے زمانہ میں صوبہ بہار کے قصبہ ''کرا'' میں مولوی عبدالشکور صاحب کے گھر میں پیدا ہوئے۔ علامہ قطب الدین شمس آبادی سے تمام کتب درسیہ کی تعلیم حاصل کی اور علم وفن کے نابغہ روزگار شخصیت بن گئے۔ یہاں تک کہ اورنگ زیب عالمگیر نے انہیں شہر لکھنؤ کا قاضی مقرر کر دیا پھر کچھ دنوں بعد بیٹے شاہ عالم کا استاذ منتخب کیا۔

ان کی کتاب مسلم الثبوت اصول فقہ اور سلم العلوم منطق میں، جس کو پوری دنیا میں شہرت دوام حاصل ہے۔

**جواب-۱۱**

باپ کا خط بیٹے کے نام

**من عظیم آباد، بتنه**

**ولدی العزیز سلام علیک ورحمته علیک**

**وبعد فقد تلقیت کتابک عشیة امس وصدقت انت فی ظنک، ونحن کنا ننتظر کتابک باشتیاق حار لقد سرفی کثیرا ان المدرسه وجوها قد أعجبک، فانت مکان یا عزیزی انک قد فارقت الجو الذی فیه نشأت وصرت الیٰ لم تالفه من قبل، ولکن ارجو ان لا تمربک ایام الاتستأنس به.**

**وادعو اللّٰه ان یکلاک بعنایته ویحفظک برعایته والسلام**

**ابوک**

# MODEL Questions with answers

## For MatriculationExamination- 2017

## Subject : Arabic

Time: 3 hours 15 Minutes | Arabic (OPT) Set-4 | Fullmarks: 100

### سوالات

سوال-۱ مندرجہ ذیل سوالوں کا صحیح جواب نشان زد کیجئے 5x2=10

۱- مسلم الثبوت کس کی تصنیف ہے؟

(a)ظفر اللہ بہاری (b)محب اللہ بہاری (c)سعد اللہ بہاری (d)حیات اللہ بہاری

۲- کس چیز کے درخت سے آنحضرتؐ نے تلوار لٹکائی تھی؟

(a)ببول (b)نیم (c)آم (d) کھجور

۳- فخر کس سے حاصل ہوتا ہے؟

(a)مال سے (b)جاہ سے (c)شہرت سے (d)علم سے

۴- مومن آپس میں کیا ہیں؟

(a)دوست دوست (b)بھائی بھائی (c)پڑوسی پڑوسی (d)عزیز عزیز

۵- آنحضرتؐ تجارت کے لیے کہاں گئے؟

(a)شام (b)مصر (c)لیبیا (d)عراق

سوال-۲ مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 5

خرج سعيد و اصدقائه صباح الجمعة الى الميدان بكرة القدم.

سوال-۳ مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیے۔ 10

حديقة، العبد، رغيف، البرق، الشارع،

قرية، الجد، نهار، عام، الساقى

سوال-۴ مندرجہ ذیل شعر کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 5

(i) امــوالـنــا لــذوی الـمیـراث نـجـمـعهـا

ودورنــا لــخــراب الـدهــر نبـنـیهــا

یا

(ii) اپنی یادداشت سے عربی کا کوئی شعر لکھئے۔

سوال-۵ مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 5

(i)ان الصفا والمروة من شعائر اللّٰه

(ii)فلاح العالم فی دین الاسلام

(iii)الجنة تحت اقدام الامهات

(iv)سلامة المرأ فی حفظ اللسان

سوال-۶ مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے۔ 5

(i)امام صاحب نے نماز جمعہ سے پہلے خطبہ دیا

(ii)وہ نماز مغرب کے بعد مسجد میں پڑھاتے ہیں

(iii)میں اپنے دوستوں کے ساتھ صبح میں ٹہلتا ہوں

(iv)وہ لوگ امتحان میں انشاءاللہ کامیاب ہو جائیں گے۔

سوال-۷ مندرجہ ذیل الفاظ سے خالی جگہوں کو پر کیجئے 5

(i) ماذا قال ............عن النبی صلی اللّٰه علیه وسلم

(ii)هذا من ............ربی

(iii)قام السلطان بملک ............والده

(iv)أی شیء............ علی الناس

حرام۔فضل۔بعد۔الراهب

سوال-۸ مندرجہ ذیل اقتباس کا سلیس اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 15

**ایها الناس! ان ربکم واحد وان اباکم واحد کلکم لآدم**
**وآدم من تراب، اکرمکم عند الله اتقاکم. ولیس لعربی علیٰ علمی عجمی فضل الا بالتقوی،**
**الاهل بلغت قالو نعم قال فلیبلغ الشاهد الغائب**

**یا**

**کان الرجل کلب، وکان یرسله کل یوم لکی یحی الیه بالخبز من الفرن، فاخذ الکلب**
**السلة ذات یوم وذهب الیٰ الفرن علی عادته، ثم عاد با الخبز فوجده صاحبه ناقصا رغیفا**
**واحدا، وکان کذالک فی الیوم الثانی والثالث، فتعجب الرجل من هذا الامر.**

سوال-۹ معرفہ اور نکرہ کے درمیان کیا فرق ہے بتائیے اور کسی تین اسم معرفہ کو واضح کیجئے۔ 10

سوال-۱۰ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔ 10

سوال-۱۱ مندرجہ ذیل شخصیات میں سے کسی ایک پر عربی میں مختصر نوٹ لکھیے۔ 10

دین الرحمة، خدیجة الکبری سیدنا علی بن ابی طالب

☆☆☆

# جوابات۔سیٹ-۴

جواب:۱

A(۵) B(۴) D(۳) A(۲) B(۱)

جواب:۲

سعیداوراس کے ساتھی جمعہ کی صبح فٹ بال لیکر میدان کی طرف نکلے۔

جواب:۳

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| باغ | بندہ | روٹی | بجلی | روڈ |
| گاؤں | دادا | دن | سال | پلانے والا |

جواب:۴

ہم اپنا مال میراث والوں (یعنی جن کو مال میں سے حصہ ملے گا) کے لیے جمع کرتے ہیں اور اپنے گھروں کو (جن کو ہم نے بنایا ہے) گردش ایام کے لیے بنایا ہے جسے ویران ہونا ہے۔

جواب:۵

(i) بیشک صفا اور مروہ اللہ کے شعائر (نشانیاں) ہیں۔

(ii) دنیا کی کامیابی دین اسلام میں ہے۔

(iii) جنت ماں کے قدموں کے نیچے ہے۔

(iv) انسان کی سلامتی (کامیابی) زبان کی حفاظت میں ہے۔

جواب:۶

(i) خطب الامام خطبة قبل صلاة الجمعة

(ii) انه يدرس فى المسجد بعد صلاة المغرب

(iii) انه يتجول مع رفقائه على الصباح

(iv) انهم ينجحون فى الامتحان انشاء اللّٰه

جواب:۷

(i) الراهب (ii) فضل

(iii) بعد (iv) حرام

جواب:۸

اے لوگو! بیشک تم لوگوں کا رب ایک ہے اور تمہارے باپ بھی ایک ہیں، تم لوگوں میں سے ہر ایک آدم سے ہیں۔ اور آدم مٹی سے پیدا کیے گئے ہیں اللہ کے نزدیک تم میں سے سب سے زیادہ مکرم وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے کسی عربی کو کسی عجمی پر کوئی فضیلت نہیں ہے۔ سوائے تقوی کے، کیا میں نے حق کو پہنچا دیا لوگوں نے کہا ہاں تو آپؐ نے فرمایا حاضر غائب کو پہنچا دے۔

یا

ایک شخص کا کتا تھا وہ اس کو روزانہ بھیجتا تھا تاکہ وہ اس کے لیے روٹی نان بائی کے یہاں سے خرید کر لے آئے تو کتے نے ایک دن ٹوکری، تھیلا اٹھایا اور نان بائی کے یہاں عادت کے مطابق چلا گیا۔ پھر روٹی لیکر واپس لوٹائے تو اس کے مالک نے ایک روٹی کم پائی۔ ایسا ہی دوسرے روز اور تیسرے روز بھی ہوا تو اسی شخص کو اس معاملہ پر بہت تعجب ہوا۔

جواب:۹

معرفہ اور نکرہ میں فرق یہ ہے کہ معرفہ کسی خاص چیز کو بتاتا ہے اور نکرہ عام ہے وہ کسی غیر معین چیز کو بتاتا ہے جیسے رجل امرأۃ کہ اس میں کسی خاص مرد یا عورت کا تعین نہیں ہے بلکہ عام ہے۔ لیکن معرفہ میں مخصوص شخص یا جگہ وغیرہ کا ہی تذکرہ ہوتا ہے اس کی چھ قسمیں ہیں جن میں سے تین یہ ہیں۔

(۱) علم: یعنی کسی خاص شخص جگہ یا چیز کا نام ہے جیسے پٹنہ، احمد، جمنا وغیرہ۔

(۲) ضمیر جیسے: انا، انت وغیرہ

(۳) اسمائے اشارہ جیسے: ہذا، ذلک وغیرہ

جواب:۱۰

حضرت علی آنحضرتؐ کے چچازاد بھائی تھے ابو طالب کے فرزند، بچوں میں آپؐ پر سب سے پہلے حضرت علی ہی ایمان لائے تھے اور آپؐ کی صحبت خاص میں رہ کر پرورش و پرداخت ہوئی، اور حضرت اقدس سے بے حد قریب رہے۔ یہاں تک کہ جب آنحضرتؐ مکہ سے مدینہ منورہ ہجرت کر کے جانے لگے تو اپنے بستر پر حضرت علی کو ہی سلایا تھا۔ پھر اپنی سب سے پیاری بیٹی حضرت فاطمہ سے آپ کا نکاح کر دیا۔ حضرت حسن اور حضرت حسین آپ کی اولاد ہیں اور اسلام کے چوتھے خلیفہ آپ ہی مقرر ہوئے تھے۔ آپ کے مقام و مرتبہ پر متعدد احادیث نبوی وارد ہوئی ہیں۔

جواب:11

## دين الرحمة

كانت العرب في القرن السادس للميلاد على شفاجرف هار، كادوا تها لكون في الحروب، يعبدون الاصنام ويسجدون لها، حتى كانوا في ضلال وسفاهة حتى بعث اللّٰه فيهم رسولا منهم يتلو عليهم آياته، ليخرجهم من الظلمات الى النور، فهداهم الرسول الى الحق، والى سواء السبيل، وقد كانوا من قبل في ظلمات، حتى وضع عن الناس اصرهم والأغلال التي كانت عليهم فان الدين الاسلام يضمن سلام العالم الانساني، وان هذا الدين يخرج الناس من عبادة العباد الى عبارة اللّٰه حتى اصبح لهم هذا الدين دين الرحمة.

☆☆☆

# MODEL Questions with answers

## For Matriculation Examination- 2017

## Subject : Arabic

Time: 3 hours 15 Minutes | Arabic (OPT) Set-5 | Fullmarks: 100

### سوالات

سوال-۱ مندرجہ ذیل سوالوں کا صحیح جواب نشان زد کیجئے۔ 5x2=10

۱۔ جنت کے نیچے کیا چیز بہتی ہے؟

(a)نہر (b)دریا (c)سمندر (d)تالاب

۲۔ حضرت خدیجہ کیا تھیں؟

(a)ڈاکٹر (b)انجینئر (c)تاجر (d)وکیل

۳۔قاضی محب اللہ کہاں پیدا ہوئے؟

(a)لاہور (b)بنگال (c)اترپردیش (d)بہار

۴۔ ماهی الدنیا کس صحابی کی نظم ہے؟

(a)حضرت ابوبکر (b)حضرت علی (c)حضرت زبیر (d)حضرت طلحہ

۵۔ کسان کے پاس کیا تھا؟

(a)بھابیل اور گدھا (b) گائے اور گدھا (c) گھوڑا (d) بکری اور گائے

سوال-۲ مندرجہ ذیل جملے کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 5

وتدبر من ناحية اخرى ان الرسول صلى الله عليه وسلم لم يقض حياته كلها بين احبابه واصحابه، بل اقضى اربعين سنة من عمره فى مكة.

سوال-۳ مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیے 10

ثمر. رائحة. وسائل. الباخرة. ذكی. عشيرة.

معسكر. كلب. يطعم. رغيف

سوال-۴ مندرجہ ذیل شعر کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔

(i) لـــــه خيـــل مـــجـــنة تـــعـــادى

بـــقـــرســـان عـــليهـــا كـــا لـــصـــقـــور

يا

(ii) اپنی یاد سے عربی کا کوئی شعر لکھیے۔

سوال-۵ مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 5

(i)النبات ملابسهن نظيفة

(ii)الحياء من الايمان

(iii)ان شدة الحر من فيح جهنم

(iv)كانوا من قبل فی ظلمات

سوال-۶ مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے۔ 5

(i) خدیجہ بنت خویلد ایک تاجرت عورت تھیں

(ii) محمود ہوٹل میں کھانا کھا رہا ہے

(iii) ہم لوگ ایک ساتھ کلاس میں پڑھیں گے

(iv) وہ تمہاری کہانی لکھ رہا ہے

سوال-۷ مندرجہ ذیل الفاظ سے خالی جگہوں کو پر کیجئے۔ 5

(i) من مصنفاته سلم العلوم..........المنطق

(ii) اللّٰه مولينا ولا.......... لكم

(iii) انهم كانوا.......... فی المطعم

(iv) يجتهدون فی امور الحياة ليلا و ..................

(نهارا مولی فی يأكلون)

سوال-۸ مندرجہ ذیل اقتباس کا سلیس اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 15

وفی السماء نجوم العبد من الشمس و اكبر منها ولكنا نراها كالمصابيح الصغيرة لشدة بعدها عناء فما اعظم قدرة الله الذی خلق السموات و الارض، انک اذا استطعت ان تعد رمال الصحراء فانک تستطيع أن تعدا النجوم.

يا

يـا ايهـا الذين آمنوا هل ادلكم علی تجارة تنجيكم من عذاب اليم، تومنون بالله ورسوله وتجاهدون فی سبيل الله باموالكم و انفسكم ذالكم خير لكم ان كنتم تعلمون.

سوال-۹ أن مقدرۃ کتنی جگہوں پر آتا ہے، مثال دیکر واضح کیجئے۔ 10

سوال-۱۰ سید ابوالحسن علی ندوی، القرأۃ الراشدۃ'' کے مصنف کے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

سوال-۱۱ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر ایک مختصر تحریر لکھیے۔ 10

حقوق الوالدین۔ قاضی محب اللہ خدیجہ الکبری

# جوابات۔سیٹ-۱

**جواب:۱**

A(۵) B(۴) B(۳) E(۲) A(۱)

**جواب:۲**

دوسرے پہلو سے غور کرو کہ رسول اللہ نے اپنی پوری زندگی اپنے دوست اور احباب کے درمیان نہیں گزاری بلکہ اپنی زندگی کا چالیس سال مکہ مکرمہ میں گزارا۔

**جواب:۳**

پھل۔ خوشبو۔ ذرائع۔ کشتی۔ ذہین

خاندان فوجی چھاؤنی کتا وہ کھارہا ہے روٹی

**جواب:۴**

ان کا تیز رفتار گھوڑا باز کی طرح دوسرے گھوڑوں سے دوڑ میں مقابلہ کررہا ہے۔

**جواب:۵**

(i)لڑکوں کا کپڑا صاف ہے

(ii)حیا ایمان کا حصہ ہے

(iii)بیشک گرمی کی شدت جہنم کی سانس (پھونک) ہے

(iv)پہلے سے وہ لوگ تاریکی میں تھے۔

**جواب:۶**

كانت خديجة بنت خويلد تاجرة

(ii)يطعم محمود فى المطعم

(iii)نحن نقرأ فى الصف معا

(iv)هو يكتب قصتک

**جواب:۷**

(i)فى (ii)مولى (iii)ياكلون (iv)نهارا

جواب:۸

آسمان میں ستارے سورج سے بہت دوراور بہت بڑے ہیں، لیکن ہم لوگ اس کو اپنے دور ہونے کی وجہ سے چھوٹے چراغ کی طرح دیکھتے ہیں۔ یہ اس اللہ کی جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا کتنی بڑی قدرت ہے۔ اگر تم صحرا کے ریت کو شمار کرسکتے ہو تو ستاروں کو بھی شمار کرسکو گے۔

یا

اے ایمان والو کیا میں تم لوگوں کو ایسی تجارت بتاؤں جو تم لوگوں کو دردناک عذاب سے نجات دلادے۔ تم لوگ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لے آؤ۔ اور اللہ کے راستہ میں اپنی جان اور مال سے جہاد کرو یہ تم لوگوں کے لیے بہتر ہے اگر تم لوگ جان لو۔

جواب:۹

ان مقدرہ چھ جگہوں پر آتا ہے۔

۱۔ حتی کے بعد جیسے سرت حتی ادخل المدينة

۲۔ لام کے بعد جیسے سرت لادخل المدرسه

۳۔ لام جحد کے بعد جیسے ماكان الله ليعذبهم

۴۔ اس ف کے بعد جو امر کے بعد آئے جیسے زرني فأكرمك

۵۔ اس أو کے بعد جو الی أن یا الا أن کے معنی میں ہو جیسے لالزمنك أو تعطيني حقي.

۶۔ اس و کے بعد جو امر کے بعد آئے جیسے اسلم وتسلم

جواب ۱۰۔

سید ابوالحسن علی ندوی ہندوستان کے ان سپوتوں میں ہیں جن پر ہندوستان جتنا بھی فخر کرے کم ہے۔
یہ رائے بریلی کے علمی ودینی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ دار العلوم ندوۃ العلماء میں تکمیل علم حاصل کیا اور پھر اسی عظیم ادارہ سے وابستہ ہو گئے۔

آپ عربی زبان وادب کے بڑے عالم تھے۔ ایسی عربی لکھتے تھے جنہیں دیکھ کر اہل عرب بھی جھوم جاتے تھے۔ سینکڑوں کتابیں عربی اور اردو میں لکھیں ندوۃ العلماء کے ناظم مقرر ہوئے اور تاحیات اس منصب پر باقی رہے۔
سعودیہ عربیہ کا شاہ فیصل ایوارڈ ملا بلکہ بیرون ملک کے بے شمار ایوارڈ سے سرفراز کیے گئے۔

جواب:١١ **حقوق الوالدين**

**ان اقراب الناس الى المرء واشفقهم عليه امه وابوه سيران لراحته ويشقيان الاسعادة**

**امـا الام فهـى تحمله فى بطنها واذا نزل به مرض هجرت راحته لراحتها ونسيت نفسها لنفسه،**

**امـا الاب فهو الذى يكّد لراحته ويقوم بتهذيبه وتعليمه ويتمنى له نجاحا باهرا، لذلک أو جب**

**اللّٰه طاعتهما وعظم حقهما بعد حقه**

☆☆☆

# MODEL Questions with answers

## For Matriculation Examination- 2017

## Subject : Arabic

Time: 3 hours 15 Minutes | Arabic (OPT) Set-6 | Fullmarks: 100

### سوالات

سوال-۱ مندرجہ ذیل معروض پانچ سوالوں کا صحیح جواب دیں: 5x2=10

(a) میں کس وقت نیند سے اٹھتا ہوں۔

(الف) شام کے وقت (ب) صبح سویرے (ج) دوپہر کے وقت (د) رات میں

(b) میں پڑھ کر کیا کرتا ہوں۔

(الف) قرآن کی تلاوت (ب) ناشتہ کرنا (ج) کھیلنا (د) بازار جانا

(c) میں صبح کی سیر کہاں کرتا ہوں۔

(الف) باغوں اور کھیتوں میں (ب) بازار میں (ج) سڑک پر (د) گھر پر

(d) آدمی کے پاس کون کون جانور تھے۔

(الف) کتا اور بلی (ب) مرغی اور بطخ (ج) گائے اور بکری (د) گدھا اور بیل

(e) گدھے نے بیل کو کیا مشورہ دیا۔

(الف) چارہ نہ کھا کر بیمار ہونا (ب) اپنے کو تندرست بتانا (ج) ڈکارنا (د) اچھلنا

سوال-۲ مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں: 5

انا استیقظ من النوم مبکرا فاقضی حاجتی ثم أتوضا واصلی واتلو القرآن. ثم اخرج الی الحقول والحدائق والبساتین اتنزہ فیھا ساعۃ

سوال-۳ مندرجہ ذیل جملوں کی واحد یا جمع بنائیں۔ 10

علم. عمل. بنت. سیف. رجل.

ظلمات. عقول. مدارس. علماء. اساتذه

سوال-۴ اپنی یاد سے کوئی شعر لکھیں 5

سوال-۵ مندرجہ ذیل اشعار کا اردو میں ترجمہ کریں 10

لـقـد لـقـيـت قـريـظة مـا سـاء هـا
ومـا وجـدت لـذل مـن نـضـيـر
اصـابهـم بـلاء كـان فيـه
شـوا مـا قـد اصـاب بـنـى نـضـيـر

سوال-۶ جوازم فعل مضارع کتنے ہیں مثال کے ساتھ بتائیے۔ 10

سوال-۷ الكلب الحنون کا خلاصہ لکھئے۔ 10

سوال-۸ اردو سے عربی میں ترجمہ کریں۔ 5

شیخ کے لڑکے نے جواب دیا اب وہ عربی بولنے پر قادر ہے۔ میرے پاس ایک ہزار روپے ہیں۔ میرے پاس ایک قلم اور پنسل ہے۔

سوال-۹ خالی جگہوں کو بھریں۔ 5

خديجه بنت خويلد زوجة رسول..................

ابو بكر خليفة......................

شهر رمضان انزل فيه...................

الحديث كلام رسول......................

سوال-١٠ اردو میں ترجمہ کریں۔

ذهب رجل الى البلاد لعربية ليجد هناک له شغلا فا ستجاره شيخ فوض اليه امورا مختلفة منها رعى الابل والغنم. فكان الرجل مشتغلا بوظيفة اذ جاء اخوه وسأله ان ينستشفع له عند شيخ لوظيفة. فشفع له عند شيخ ووجد وظيفة لامور عائلية فكان يذهب كل يوم الى السوق.

سوال-١١ طہ حسین یا احمد امین سے اپنی واقفیت بتائے۔ 10

سوال-١٢ عربی میں مضمون لکھئے۔ 10

قلم۔ قرآن۔ رحمٰ لی

# جوابات۔سیٹ-٦

جواب-١

(a)(ب) (b)(الف) (c)(الف) (d)(د) (c)(الف)

جواب-٢

میں صبح سویرے اٹھتا ہوں،ضروریات سے فارغ ہوتا ہوں،وضو کرتا ہوں،نماز پڑتا ہوں،قرآن کی تلاوت کرتا ہوں۔پھر کھیتوں اور باغوں کی طرف نکل جاتا ہوں،میں وہاں ایک گھنٹہ تفریح کرتا ہوں۔

جواب-٣ علوم۔ اعمال۔ بنات۔ سیوف۔ رجال۔

ظلمت۔ عقل۔ مدرۃ۔ عالم۔ استاذ۔

جواب-٥

بنو قریظہ نے اپنی بری کرتوتوں کا بدلہ لیا اس سے پہلے بنو نضیر نے اپنی بری حرکتوں کے سبب ذلت اٹھائی تھی۔ ان پر بلائیں اور مصیبتیں آئیں۔ان کو بھی وہی مصیبتیں اٹھانی پڑیں جو اس سے پہلے بنو نظیر پر آئی تھیں۔

جواب-٦ اجاب غلام وشيخ. الآن هو قادر ان ينطق اللغة العربية. عندى الف روبية عندى. قلم وقلم الرصاص.

جواب-٧

خديجة بنت خويلد زوجة رسول الله. ابو بكر خليفة المسلمين. شهر رمضان الذى انزل فيه القرآن. الحديث كلام رسول الله.

جواب-١٠

ایک آدمی عرب ممالک میں سے ایک جگہ گیا تا کہ وہ وہاں کوئی نوکری کر سکے۔اس کو ایک شیخ نے اجرت پر رکھ لیا۔اور اس سے مختلف کام لینے لگا۔جیسے کہ اونٹ اور بکری چرانا۔وہ آدمی کام میں مشغول تھا کہ اس کا بھائی آیا کہ اور اس سے کہا کہ شیخ سے کسی نوکری کے لیے سفارش کردے۔تو اس نے شیخ سے سفارش کردی۔تو اس کو گھر کے کام میں لگا دیا۔وہ ہر دن بازار جاتا۔

جواب-١١

طہ حسین مصر میں ١٨٨٩ میں پیدا ہوئے۔بچپن میں ہی ان کے آنکھوں کی روشنی چلی گئی ابتدائی تعلیم کے بعد وہ جامع ازھر میں داخل ہو گئے وہاں سے یہ قاہرہ یونیورسٹی گئے۔وہاں انہوں نے مغربی تنقید سے واقفیت حاصل کی۔وہ پیرس گئے اور وہاں فرانسیسی زبان سے واقف ہوئے۔مصر واپس آکر عربی زبان کے پروفیسر کے عہدے پر قاہر یونیورسٹی میں بحال ہوئے۔انکی کتابوں میں الایام اور الادب الجاہلی ہے۔

# MODEL Questions with answers

## For Matriculation Examination- 2017

## Subject : Arabic

Time: 3 hours 15 Minutes | Arabic (OPT) Set-7 | Fullmarks: 100

### سوالات

سوال-۱ مندرجہ ذیل معروض پانچ سوالوں کے صحیح جواب دیں۔ 5x2=10

(a) آم کے پیڑ میں کونسا پھل ہوتا ہے۔

(الف) آم (ب) املی (ج) سیب (د) کٹہل

(b) آم پکنے کے بعد کس رنگ کا ہوتا ہے۔

(الف) نیلا (ب) کالا (ج) پیلا (د) ہرا

(c) آم کا ہم لوگ کیا کھاتے ہیں۔

(الف) گودا (ب) چھلکا (ج) گھٹلی (د) پتی

(d) حضرت خدیجہ کون تھیں؟

(الف) رسول اللہ کی صاحبزادی (ب) نواسی (ج) رسول اللہ کی زوجہ (د) پوتی

(e) حسان بن ثابت کون تھے؟

(الف) شاعر رسول (ب) عباسی دور کے شاعر (ج) جدید دور کے شاعر (د) جدید دور کے ادیب

سوال-۲ مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں۔ 5

**اشجارها تعيش نحو مأة سنة وثمارها ذات فوائد جمة**

**تمنع امراضا كثيرة تقوى الجسم وتنقى الدم.**

**وقد كثرت زراعتها بالبلدان كثيرة من العالم**

سوال-۳ مندرجہ ذیل الفاظ کے جمع یا واحد بنائیں 10

فاکھة . شجر. ثمر. مرض. بلد.

اقلام. رجال. نجوم. جبال. شموس

سوال-۴ مندرجہ ذیل اشعار کا اردو میں ترجمہ کریں۔ 10

الفخر بالعلم بالجاه والمال

والمجد بالجد لا بالجد والخال

كم من ملى وضى الوجه تحسبه

للعلم خلاولكن فكره خالى

سوال-۵ اپنی یاد سے کوئی شعر لکھیں۔ 5

سوال-۶ حروف جار کتنے ہیں مثال دیکر بتائیں۔ 10

سوال-۷ بلادی کا خلاصہ لکھیں۔ 10

سوال-۸ اردو سے عربی میں ترجمہ کریں۔ 10

مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں۔تم سب آدم کی اولاد ہو۔آدم مٹی سے بنے ہیں۔نماز اور روزہ فرض ہے۔قرآن رمضان میں نازل ہوا۔

سوال-۹ مندرجہ ذیل الفاظ کی ضد بتائیں:

اول. حيات. غائب. ابيض. كفر. ظلمت. قريب

سوال-۱۰ اردو میں ترجمہ کریں۔

كان لرجل كلب. وكان يرسله كل يوم لكى يجى اليه بالخبر من القرن

فاخذ الكلب السلة ذات يوم وذهب الى القرن على عادته.

ثم عاد بالخبز فوجده صاحبه ناقصا رغيفا واحدا.

وكان كذالك فى اليوم الثانى والثالث. فتعجب الرجل من هذا الامر لما كان يعهد فى كلبه من الامانة

سوال-۱۱ امرؤ القیس یا کعب بن زہیر سے اپنی واقفیت بتائے۔ 10

سوال-۱۲ عربی مضمون لکھئے۔ فرسی۔ کلب۔ ابوالحسن علی ندوی 10

# جوابات۔ سیٹ-۷

جواب-۱

(a)(الف)   (b)(ج)   (c)(الف)   (d)(الف)   (e)(الف)

جواب-۲ اس کے درخت تقریباً سو سال زندہ رہتے ہیں۔ یہ بہت سارے امراض کو روکتا ہے۔
جسم کو قوت دیتا ہے خون کو صاف کرتا ہے۔

جواب-۳ فواکهة. اشجار. اثمار. امراض.
بلاد. قلم. نجم. جبل. شمس

جواب-۴

فخر کی بات علم ہے۔ عہدے اور مال فخر کی چیز نہیں ہے۔ عزت جدوجہد سے ملتی ہے۔ نہ کہ نانا اور دادا سے۔ کتنے امیر لوگ پاکیزہ اور خوبصورت چہرے والے ہیں۔ علم کو درست رکھتے ہیں، لیکن ذہن صرف مال کے لیے ہی خالی ہے۔

جواب-۵ حروف جار سترہ ہیں۔ یہ اپنے بعد والے اسم کو زیر دیتے ہیں۔
بائو. تائو. کاف. منذ. الی. فی. علی

جواب-٦

المومنون اخوان بينهم. كنتم اولاد آدم. خلق آدم من الطين.
الصلاة والصوم فرض. انزل القرآن في رمضان.

جواب-۷

ہمارے ملک کا نام ہندوستان۔ یہ جنوبی ایشیا میں واقع ہے۔ اس کے پورب میں بنگلہ دیش برما دکھن میں سری لنکا اتر میں نیپال۔ تبت چین اور مغرب میں پاکستان ہے۔ اس کی آبادی ۱۲۵ کروڑ اور رقبہ ۳۲۸۰۴۸۳ مربع کلومیٹر ہے۔

یہ ۱۹۴۷ میں آزاد ہوا اس سے پہلے یہ برطانیہ کا غلام تھا۔ یہاں ۱٦/ بڑی زبانیں جن کے بولنے والوں کی تعداد کروڑوں میں ہی بولی جاتی ہیں۔ یہاں کی سرکاری زبان ہندی ہے۔ انگریزی عام طور سے بولی اور لکھی جاتی

ہے۔اس ملک کے ۷۰ فیصد لوگ کھیتی یا اس سے متعلق کاموں میں لگے ہوتے ہیں۔یہاں کی خاص پیداوار، چاول، گیہوں، مکئی، مسور، چنا۔ارہر سبزیوں میں آلو پیاز، بیگن، کدو، کھیرا، ککڑی، پھلوں میں آم کیلا، نارنگی، سیب، انگور، ناریل اور قسم قسم کے میوے پیدا ہوتے ہیں۔ہندوستان میں سوئی سے لیکر ہوائی جہاز تک بنتے ہیں ہر قسم کے کپڑے اور مشینیں بنتی ہیں۔

جواب-۹ آخر۔ موت۔ حاضر۔ اسود۔ اسلام۔ نور۔ بعید

جواب-۱۰

ایک آدمی کے پاس ایک کتا تھا۔وہ ہر دن اس کو روٹی لانے کے لیے بیکری والے کے پاس بھیجتا تھا،ایک دن کتے نے ٹوکری لی اور بیکری والے کے پاس اپنی عادت کے مطابق گیا۔اس نے ایک روٹی کو خراب پایا۔ایسا دوسرے اور تیسرے دن بھی ہوا تب اس آدمی کو بہت تعجب ہوا کیوں کہ اس مالک نے کتے سے روٹیوں کی حفاظت کا واعدہ لیا تھا۔

جواب-۱۱

امرؤالقیس زمانہ جاہلیت کا ایک مشہور شاعر ہے۔اس نے محبوبہ کے اجڑے ہوئے دیار پر سب سے پہلے اشعار کہے۔یہ اپنی محبوبہ عنیزہ پر عاشق ہوا تھا اس کے علاوہ دوسری عورتوں سے بھی ناجائز تعلقات رکھتا تھا۔یہ زمانہ جاہلیت کا سب سے بڑا شاعر ہے۔رسول کی بعثت سے پہلے اس کی موت ہو گئی۔

☆☆☆

# MODEL Questions with answers

## For Matriculation Examination- 2017

## Subject : Arabic

Time: 3 hours 15 Minutes | Arabic (OPT) Set-8 | Fullmarks: 100

### سوالات

سوال-۱ مندرجہ ذیل معروض پانچ سوالوں کا صحیح جواب دیں 5x2=10

(a) آدمی عرب ممالک کیوں گیا؟

(الف) کام کے لیے (ب) زیارت کے لیے (ج) تفریح کے لیے (د) کسی سے ملنے کے لئے

(b) سعید اور اس کے دوست جمعہ کی صبح کہاں گئے؟

(الف) گھر (ب) میدان (ج) باغ (د) ہسپتال

(c) سب سے پہلے آم کے درختوں کی کاشت کہاں کی گئی؟

(الف) چین (ب) ہندوستان (ج) عرب (د) امریکہ

(d) صبح اٹھ کر میں کس چیز کی تلاوت کرتا ہوں؟

(الف) قرآن (ب) ناول (ج) درسی کتاب (د) اخبار

(e) قاضی محب اللہ بہاری کہاں پیدا ہوئے؟

(الف) بنگال (ب) بہار (ج) اتر پردیش (د) راجستھان

سوال-۲ مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں۔

تقع الهند فی شبه القارة الهندية فی جنوب آسيا.

تبلغ مساحتها ۳۲۸۰۴۸۳ کیلو متر مربع وعدد سکانها ۱۲۵۰ مليون

سوال-۳ مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھئے۔

غلام. دجاجة. دیک. ابل. غنم.

کرة القدم. کرة الید. ثمر. قشرة

سوال-۴ اپنی یاد سے عربی کا کوئی شعر لکھئے۔ 5

سوال- ۵ مندرجہ ذیل شعر کا اردو میں ترجمہ کریں۔ 10

الفخر بالعلم لا بالجاه و المال والمجدبالجد لا بالجد و الخال

سوال-٦ حضرت خدیجہ کے بارے میں اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔ 10

سوال-۷ اسم معرفہ کی کتنی قسمیں ہیں مثالوں کے ساتھ لکھئے۔ 10

سوال- ۸ اردو سے عربی میں ترجمہ کریں۔ 5

اللہ ہمارا خالق ہے۔ نماز نیند سے بہتر ہے۔ قرآن اللہ کا کلام ہے۔

محمد اللہ کے رسول ہیں۔ یہ میرے رب کا فضل ہے۔

سوال-۹ خالی جگہوں کو بھریں۔ 5

اللغة الهندية هی.........الرسمية للبلاد

اللغة الاردية فانها.........اللغة الهندية.

الاردية تكتب بالحروف.........

سوال- ۷ اسم معرفہ وہ اسم ہے جو کسی خاص چیز کو بتائے۔اس کی چھ قسمیں ہیں۔

(i) علم: وہ اسم ہے جو کسی خاص شخص ،جگہ یا چیز کا نام ہو جیسے سعید، پٹنہ، گنگا وغیرہ

(ii) ضمیر: جیسے انا. انت. ہو (iii) اسمائے اشارہ جیسے ھذا. ذلک

(iv) اسمائے موصولہ جیسے الذی . التی

(v) معرف باللام: وہ اسم ہے جس پر الف۔ل داخل کر کے معرفہ بنایا گیا جیسے الرجل

(vi) وہ اسم جوان پانچوں میں سے کسی ایک کی طرف مضاف ہو جیسے کتاب الرجل. غلام وغیرہ۔

سوال-۸ الله خالقنا. الصلاة خير من النوم. القرآن كلام الله. محمد رسول اللّٰه. هذا من فضل ربی.

سوال-۹

اللغة الهندية هی اللغة الرسمية للبلاد. اللغة الاردية فانها شقيقة اللغة الهندية الردية تكتب

بالحروف العربية. لا فرق بين اللغة الهندية و اللغة الاردية الا فی الكتابة.

سوال-۱۰

(i) ہندوستانی لوگ مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ ہندی ملک کی سرکاری زبان ہے۔ لیکن انگریزی بہت سارے لوگ بولتے اور سمجھتے ہیں۔ بولی ہے۔ یہ عام طور پر بولی جاتی ہے۔ جہاں تک اردو زبان کا تعلق ہے یہ اردو کی بہن ہے۔ یہ ملک کے زیادہ تر حصوں میں پھیلی ہوئی ہے۔ ان دونوں میں عام طور پر کوئی فرق نہیں ہے۔ صرف رسم الخط کا فرق ہے۔

(ii) ابوالحسن علی الندوی ۱۹۱۳ء میں رائے بریلی میں پیدا ہوئے انہوں نے ابتدائی عربی تعلیم شیخ خلیل بن محمد یمنی سے حاصل کی۔ اور جب ندوہ میں داخل ہوئے تو وہاں انہوں نے تقی الدین الہلالی المراکشی سے عربی ادب کی تعلیم حاصل کی وہاں انہوں نے شیخ حیدر حسن سے حدیث کا درس لیا۔ لاہور میں آپ نے شیخ احمد علی سے تفسیر کا درس لیا۔ بعد میں یہ ندوۃ العلماء میں استاد ہو گئے۔ ان کی کتابوں میں مختارات اور ماذا خسر العالم بانحطاط المسلمین ہے۔

(iii) لافرق بين اللغة الهندة و اللغة الارديه الى فی.........................

سوال-۱۰ اردو میں ترجمہ کریں۔ 10

يتحدث ابناء الهند بلغات مختلفة، و الهندية هی اللغة الرسمية للبلاد ولكنَّ الا نجليزية مفهومة ويتحدث بها الناس كذلک على نطاق و اسع واما للغة الاردية فانها شقيقة اللغة الهندية. وشائعة فی معظم أرجاء البلاد و لا يوجد بينهما فرق على المستوى الشعبى الا فی الكتابة.

سوال-۱۱ قاضی محب اللہ بہاری یا ابوالحسن علی الندی سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔ 10

سوال-۱۲ عربی میں کسی ایک پر مضمون لکھئے۔

علم. صوم. بقر

☆☆☆

# جوابات۔سیٹ-۸

جواب-۱

(a)(الف) (b)(ب) (c)(ب) (d)(الف) (e)(ب)

جواب-۲ ہندوستان جنوبی ایشیا کے جزیرہ نما ہند میں واقع ہے۔
اس کا رقبہ ۳۲۸۰۴۸۳ مربع کلیومٹر ہے اس کی آبادی ۱۲۵ کروڑ ہے۔

جواب-۳ لڑکا۔مرغی۔مرغ۔اونٹ۔بکری۔فٹ بال۔بال۔والی بال۔پھل۔چھلکا۔

جواب-۵ فخر صرف علم پر کیا جا سکتا ہے نہ کہ عہدہ اور مال پر عزت جہد و جہد سے حاصل ہوتی ہے، نہ کہ نانا دادا کی وجہ سے۔

جواب-۶

حضرت خدیجہ بنت خویلد قریش قبیلہ کی باعزت اور مال دار بیوہ تھیں۔آپ لوگوں کو پیسے اور مال دیکر تجارت کے لیے بھیجتی تھیں۔لوگ آپ کو دھوکا دیتے تھے جب آپ نے حضرت محمد کے بارے میں سنا کہ وہ صادق اور امین ہیں تب آپ نے تجارت کے لیے حضرت محمد کو اپنے غلام میسرہ کے ساتھ شام بھیجا۔آپ کی ملاقات بحیرہ راہب سے ہوئی۔اس نے آپ کو جلد سے جلد لوٹنے کو کہا۔آپ نے بہت عقلمندی کے ساتھ تجارت کی۔ان سب باتوں کو دیکھ کر آپ نے نکاح کا پیغام بھیجا۔حضرت خدیجہ کی عمر شادی وقت ۳۵ یا ۴۰ سال تھی۔نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر ۲۵ سال تھی۔یہ شادی بہت اچھی ثابت ہوئی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خدیجہ کی موجودگی میں کوئی شادی نہیں کی۔۲۵ سال تک آپ زوجہ رہیں تمام اولاد بھی آپ ہی سے ہوئیں۔

☆☆☆

# MODEL Questions with answers

## For MatriculationExamination- 2017

## Subject : Arabic

Time: 3 hours 15 Minutes | Arabic (OPT) Set-9 | Fullmarks: 100

### سوالات

سوال-١ مندرجہ ذیل معروض پانچ سوالوں کا صحیح جواب دیں۔ 5x2=10

(a) حضرت خدیجہ کون تھیں؟

(الف) رسول کی بیوی (ب) شاعرہ (ج) شہزادی (د) ملکہ

(b) حضرت خدیجہ کے والد کا نام کیا تھا؟

(الف) خویلد (ب) ورقہ بن نوفل (ج) ابو طالب (د) عبدالمطلب

(c) حضرت خدیجہ کے غلام کا نام کیا تھا؟

(الف) وحشی (ب) زید (ج) میسرة (د) لؤلؤ

(d) ہمارے ملک کی سرکاری زبان کیا ہے؟

(الف) انگریزی (ب) تامل (ج) ہندی (د) سنسکرت

(e) ہمارے ملک سے مغرب میں کون پڑوسی ملک ہے؟

(الف) لنکا (ب) انڈونیشا (ج) عراق (د) پاکستان

سوال-٢ مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں۔ 5

خرج سعید و اصدقائه صباح الجمعة الی المیدان بکرة القدم

ذهب رجل الی البلاد العربیة لجد هناک له شغلا

سوال- ٣ مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھئے۔

دیق.شغل.وظیفة.صعب. بقر. ثمر. سیارة. ابل. غنم. شجر.

سوال- ۴ اپنی یاد سے عربی کا کوئی شعر لکھئے۔ 5

سوال-۵ مندرجہ ذیل شعر کا اردو میں ترجمہ کریں۔ 10

**النفس تبكی علی الدنیا وقد علمت**

**ان السلامة فیها ترک ما فیها**

سوال-۶ قاضی محب اللہ بہاری سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔ 10

سوال- ۷ مضارع کو نصب (زبر) دینے والے کتنے حروف ہیں۔

سوال-۸ اردو سے عربی میں ترجمہ کریں۔ 10

آم ایک پھل ہے عربی ایک مشہور زبان ہے۔ میرے پاس ایک قلم ہے۔

زمانے کی قسم انسان بے شک خسارے میں ہے۔ مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک کام کئے۔

سوال-۹ خالی جگہوں کو بھریں۔ 5

**طلب العلم فریضة علی کل مسلم ............**

**الصلاة خیر من ......................** **القرن کلام.....................**

سوال-۱۰ اردو میں ترجمہ کریں۔

**انظر الی السماء تجدها قبة زرقاء تضیئها الشمس نهارا ویزینها القمر والنجوم لیلا. وهل فکرت فی عدد تلک النجوم وفی المسافة التی بینک وبین الشمس او القمر. انک اذا استطعت ان تعدد رمال الصحراء فانک تستطیع ان تعد النجوم.**

سوال-۱۱ سیدنا حسان بن ثابت یا سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

سوال-۱۲ عربی میں کسی ایک پر مضمون لکھئے۔

قرآن فیل۔ عربی زبان

# جوابات۔سیٹ-۹

جواب-۱

الف(a) الف(b) ج(c) ج(d) د(e)

جواب-۲ سعیداوراس کے دوست جمعہ کی صبح فٹ بال کے ساتھ نکلے ایک آدمی عرب ممالک کی طرف گیا تا کہ وہ کچھ کام پاسکے۔

جواب-۳ دوست۔مشغلہ۔کام۔تھکاوٹ۔گائے۔پھل۔کار۔اونٹ۔بکری۔درخت

جواب-۵ نفس دنیا کے لیے روتا ہے۔مگراس کو جان لینا چاہئے۔مگر سلامتی اس بات میں ہے کہ اس کو اوراس کی ہر چیز کو چھوڑ دیا جائے۔

جواب-۶

محبّ اللہ بہاری قصبہ کراہ میں پیدا ہوئے جو صوبہ بہار کا ایک گاؤں ہے۔ان کا خاندان ملک کے نام سے مشہور تھا۔انہوں نے بعض درسی کتابیں قطب الدین حسین شمس آبادی سے پڑھیں۔اس کے بعد انہوں نے دکن کا رخ کیا اور عالمگیر کے لشکر میں شامل ہوگئے۔پھراس نے قضاء کا عہدہ آپ کے سپرد کردیا اور لکھنؤ میں قاضی بنادیا۔ پھر آپ حیدرآباد چلے گئے آپ کو قضاء کے عہدہ سے معزول کردیا گیا۔جب شاہ عالم بادشاہ ہوا تب آپ اسی کے ساتھ کابل چلے گئے۔آپ نے اس کے لڑکے رفیع القدر کے ساتھ مصاحبت اختیار کی۔عالمگیر کے بعد شاہ عالم بادشاہ بنا۔اس نے آپ کو فاضل خاں کا خطاب دیا۔آپ کی وفات ۱۱۱۹ھ میں ہوئی۔

جواب-۷ مضارع کو نصب دینے والے چار حروف ہیں۔ان۔لن۔کی۔اذن

اَن۔ یہ حرف مضارع کو نفی تاکید مستقبل کرتا ہے۔احب ان تقوم

لن۔ یہ حرف مضارع کو نفی تاکید مستقبل کے معنی میں کرتا ہے۔لن افعل

کی۔ یہ حرف سبب بتانے کی غرض سے آتا ہے۔اسلمت کی ادخل الجنۃ

اذن۔ یہ حرف جزا اور جواب کے لئے مضارع مستقل کے ساتھ آتا ہے۔

**اسلم اذن تدخل الجنة.**

جواب-۸ **الانبج فاکهة. العربی لسان مشهور. عندی قلم. والعصر ان الانسان لفی خسر. الا الذین آمنوا وعملوا الصالحات.**

جواب-۹

**اللّٰہ خلق الارض والسموات. طلب العلم فریضة علی کل مسلم ومسلمة.**

**الصلاة خیر من النوم. القرآن کلام اللّٰہ.**

جواب-۱۰

آسمان کی طرف دیکھو وہاں تمہیں نیلا گنبد نظر آئے گا جہاں دن میں سورج چمکتا ہے اور رات میں چاند اور ستارے زینت بخشتے ہیں۔ کیا تم نے ان ستاروں کی تعداد کے بارے میں سوچا ہے۔ اور تمہارے اور سورج کے درمیان کتنی دوری ہے۔ تمہارے اور چاند کے درمیان کتنی دوری ہے۔ اگر تم ریت کے ذروں کو گن سکتے ہو تو پھر ستاروں کی تعداد کو گن سکتے ہو۔

جواب-۱۱

سیدنا حسان بن ثابتؓ رسول اللّٰہؐ کے شاعروں میں سے ہیں۔ آپ ایسے شاعر ہیں جنہوں نے جاہلیت اور اسلام دونوں میں شاعری کی ہے۔ جب اسلام آیا تب کفار اور مشرکین نے آپ کی ہجو کی۔ رسول نے فرمایا مجھے ان کفار اور مشرکین سے کون بچائے تب حسان نے کہا میں آپ کی مدح کرونگا اور کفار اور مشرکین کی ہجو کروں گا۔ آپ نے فرمایا میں بھی قریش میں سے ہوں۔ حسان نے فرمایا میں آپ کو بچالاؤں گا۔ آپ نے بہت اچھی مدح کی۔ امیہ کی خلافت میں آپ کا وصال ہوا۔

# MODEL Questions with answers

## For Matriculation Examination- 2017

## Subject : Arabic

Time: 3 hours 15 Minutes | Arabic (OPT) Set-10 | Fullmarks: 100

### سوالات

سوال-۱ مندرجہ ذیل سوالوں کا صحیح جواب نشان زد کیجئے 5x2= 10

۱- حضرت خدیجہ کے غلام کا کیا نام تھا؟

(A) میسرہ (B) بکر (C) آزا (D) حنظلہ

۲- قاضی محب اللہ بہاری کس شہر کے قاضی بنائے گئے تھے؟

(A) حیدرآباد (B) لکھنؤ (C) دہلی (D) پٹنہ

۳- آنحضرتؐ نے تلوار کس سے لٹکائی تھی؟

(A) دہلیز سے (B) دیوار سے (C) درخت سے (D) دیوان سے

۴- قاضی محب اللہ کی کتاب کا نام کیا ہے؟

(A) مسلم الادیان (B) مسلم الفنو (C) مسلم الافکار (D) مسلم العلوم

۵- "الکلب الحنون ، نامی سبق میں کتنے ٹوکری سے کتنی روٹی نکالی؟

(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

سوال-۲ مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 5

(i) المصباح ضوؤه شديدٌ (ii) الحمامة فوق الشجر

سوال-۳ مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی بتایئے۔ 10

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| استفيظ | حقل | بستان | طائفة | ذنوب |
| صومعة | الحنون | غرس | الثروة | القمح |

سوال-۴ مندرجہ ذیل شعر کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 10

(i) ان الــمــلــوک التی کـانـت لهـا سـلـطة
حتــی سـقــاهــا بـکــأس الـموت سـاقیهـا

یا

(ii) اپنی یاد سے عربی کا کوئی شعر لکھئے۔

سوال-۵ مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 5

(i) ضوء المصباح الکهربائی ساطع
(ii) تتغرد الطیور علی غصون الاشجار
(iii) نتیجة الامتحان السنوی حسنة
(iv) یکمل القمر فی وسط الشهر العربی

سوال-۶ مندرجہ ذیل اردو جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے۔ 5

(i) زید گھر کی چھت پر بیٹھا تھا۔
(ii) عبدالرحمٰن باغ میں کام کرتا ہے۔
(iii) وہ اور میں صبح سویرے بیدار ہوتے ہیں۔
(iv) وہ لوگ کہاں جا رہے ہیں۔

سوال-۷ مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو دیئے گئے الفاظ سے پر کیجئے۔ 5

(i) انهه ولد.................. قریة "کرا"
(ii) قرأت بعض الکتب ................. الشیخ عبدالله
(iii) انه سافر................. والده
(iv) رحل الاستاذ .................داره

(مع. فی. علی. الی.)

سوال-۸ مندرجہ ذیل اقتباس کا سلیس اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 15

انظر الى السماء تجدها قبة زرقاء تضيئها الشمس نهارا و وزيزنيها القمر و النجوم ليلا. وهل فكرت فى عدد تلك النجوم و فى المسافة التى بينک و الشمس أو القمر .

اللغة الهنديه هى اللغه الرسمية لبلاد ، وليكن الانجيليزية مفهومة ويتحدث بهاالناس كذلک ، على نطاق واسع .اما اللغة الاردوية فانها شقيقة اللغة الهنديه .

سوال-۹ باب ضرب سے فعل مضارع کی گرادن لکھئے۔ 10

سوال-۱۰ بہار کے کسی مشہور عالم وادیب پر مختصر نوٹ لکھئے۔ 10

سوال-۱۱ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر عربی میں مختصر نوٹ لکھئے۔ 10

امام ابن تیمیه　　محطة القطار　　السيدة خديجةالكبرىٰ

☆☆☆☆

# جوابات۔سیٹ-۱۰

جواب-۱

A(۱) B(۲) C(۳) D (۴) A (۵)

جواب-۲

(i) چراغ اس کی روشنی بہت ہے/تیز ہے۔

(ii) کبوتر درخت پر ہے۔

جواب-۳

وہ نیند سے بیدار ہوا۔ کھیت۔ باغ۔ جماعت۔ گناہ۔

چرچ۔ وفادار۔ پودہ۔ دولت۔ گیہوں۔

جواب-۴

بیشک وہ بادشاہ جن کا رعب و دبدبہ تھا

آج ساقی نے ان کو بھی موت کا جام پلادیا

جواب-۵

(i) بلب کی روشنی تیز ہے۔

(ii) پرندے درختوں کی شاخوں پر چہچہا رہے ہیں۔

(iii) سالانہ امتحان کا ریزلٹ اچھا ہے۔

(iv) عربی مہینہ کے درمیان میں چاند مکمل ہوتا ہے۔

جواب-٦

(i) کان یجلس زید علی سقف البیت .

(ii) یعمل عبدالرحمن فی لحدیقة .

(iii) انه وانا یستیقظان فی الصباح.

(iv) این یذهبون .

جواب-۷

(i) فی (ii) علی (iii) مع (iv) الی

جواب-۸

تم آسمان کی طرف دیکھو زرد گنبد کی طرح نظر آئیگا (پاؤگے) دن میں سورج اس کو روشن کر دیتا ہے اور رات میں چاند ستارے اس کو مزین کر دیتے ہیں (سجا دیتے ہیں) کیا تم نے ان ستاروں کی تعداد کے بارے میں سوچا اور اس کی دوری کے بارے میں تمہارے اور چاند کے درمیان ہے۔

یا

ہندی زبان ملک کی سرکاری زبان ہے، لیکن انگریزی سمجھی جاتی ہے اور لوگ بڑے پیمانے پر اسکو اسی طرح بولتے/گفتگو کرتے ہیں جہاں تک اردو کا تعلق ہے تو وہ اس کی ہم پلہ ہے۔

جواب-۹

**یضرب. یضربان . یضربون . تضرب . تضربان . یضربن .**

**تضرب . تضربان . تضربون . تضربین . تضربان . تضربن**

**اضرب . نضرب**

جواب-۱۰

علامہ سید سلیمان ندوی بہار کے مشہور عالم دین گزرے ہیں، پٹنہ سے قریب ایک قصبہ ہے 'دیسنہ' اسی قصبہ میں ان کی پیدائش ہوئی۔ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی پھر خانقاہ مجیبیہ پھلواری شریف کے مدرسہ میں بھیج دیئے گئے وہاں سے دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ آ گئے اور وہاں کے ممتاز اساتذہ سے استفادہ کیا۔علامہ شبلی نعمانی سے خاص طور پر قربت تھی اور انہیں کے جانشین بنے، بے شمار علمی اور دینی کتابیں لکھیں۔سیرت طیبہ پر سیرت النبیؐ کے نام سے اپنے استاد علامہ شبلی نعمانی کے انتقال کے بعد پانچ جلدیں مکمل کیں، اس کے علاوہ سیرت عائشہؓ، ارض القرآن وغیرہ ایسی معرکۃ الآرا کتاب ہے، اعظم گڑھ میں انہوں نے دارالمصنفین کے نام سے ایک بڑی اکیڈمی قائم کی جس نے علم وفن کی دنیا میں اہم کارنامہ انجام دیا، آزادی کے بعد پاکستان منتقل ہو گئے تھے اور وہیں انتقال ہوا۔

جواب-۱۱

**ولد العلامة ابن تیمیه فی ۱۰ /ربیع الاول سنة ۶۶۱ ھ ببلدة "حران" ونشاد ترعرع بها حتی اذا بلغ السابعة من عمره فاغاربها اتشار فهاجر مع اسرة الی دمشق ، انه حفظ القرآن الکریم اولا ثم تعلم اللعربیة وبرع فی الفقه والحدیث والتفسیر .**

**کان ابوه عالما جلیلا له کرسی للدراسة فی الجامع الکبیر فی دمشق فبعد وفاة والده جلس مجلس . انه انتقد علی الصوفیة والفقهاء فاثاروا حوله الخلاف فحبس ثم لم یزل یقع فی محنة حتی توفی بدمشق حیث کان هو محبوسا سنة ۷۲۸ ھ**